یہ سنتے ہی اوسیوقت مولانا سواری پر سے اتر پڑے اور بعد ملاقات وغیرہ آپنے شمس تبریزی کے ہاتھ پر بیعت کی۔ ایک روایت اور ہے جو اس سے بھی زیادہ مشہور ہے کہ مولانا ایک حوض کے کنارے درس دے رہے تھے شمس تبریزی آنکلے اور پوچھا یہ کتابین کیا ہے؟ مولانا نے کہا تمکو اس سے کیا غرض یہ علم قیل وقال ہے شمس نے کتابین لیکر حوض مین ڈالدین تب سے مولانا کو نہایت رنج ہوا اور غصہ آیا اور کہا کہ یہ نایاب کتابین برباد ہوگئین اب کہان نصیب ہوسکتی ہین شمس تبریزی نے یہ سنکر اوسی وقت اپنا ہاتھ بڑہا کر حوض مین سے خشک کتابین نکالکر رکھدین کہین نمی کا نام نہ تھا اس سے مولانا اور حاضرین کو سخت حیرت ہوی اور شمس تبریز نے فرمایا کہ تم اسکو کیا جانو یہ علم حال ہے۔ اسکے بعد مولانا آپکے مرید ہوگئے مگر ان تمام واقعات کے مقابلہ مین صحیح تر روایت سپہ سالار کی ہے جو انہون نے مولانا کے تذکرہ مین لکھی ہے کہ شمس تبریز عام صوفیون کی طرح سجادہ و دلق کے پابند نہ تھے بلکہ سوداگرونکے لباس مین شہر بشہر سیاحت اور خرید و فروخت کیا کرتے تھے جہان جاتے حجرہ بند کرکے مراقبہ مین مصروف ہوجاتے تھے ہی ازاربند بنکر کفاف حاصل کرتے تھے ایک روز آپنے مناجات کی کہ خداوندا مجکو اپنا کوئی ایسا خاص بندہ عطا کر جو میری امانت کا متحمل ہو غیب سے ارشاد ہوا کہ ملک روم مین ملیگا آپ شمسیہ مین قونیہ آئے سرا مین مقیم ہوے سرا کے قریب ایک چبوترہ تہا جس پر شام کے وقت وہان کے باشندے تفریحاً بیٹھتے تھے شمس تبریز بھی وہان جا کر بیٹھنے لگے مولانا بھی انکی خبر سنکر ملنے کو آئے باہم ملاقات اور گفتگو ہوئی شمس تبریز نے پوچھا کہ حضرت بایزید بسطامی کے ان دونو واقعات مین کیا صورت تطبیق ہوسکتی ہے کہ ایک طرف تو یہ کہ تمام عمر انہون نے اس خیال سے خربزہ نہ چکہا کہ نہین معلوم آنحضرت صلعم نے اسکو کس طرح سے کھایا ہوگا دوسری طرف انکا سبحانی ما اعظم شانی فرمانا حالانکہ آنحضرت صلعم باوجود جلالت شان ایکدن مین ستر مرتبہ استغفار کرتے تھے مولانا نے جواب دیا کہ بایزید بڑے پایہ کے بزرگ تھے حالت سیر ولایت اولیا کیفیت وحدۃ الوجود مین یہ الفاظ کہہ اوٹھے تھے چنانچہ جب ہوش آیا تو توبہ و استغفار کی اور مریدونسے کہا کہ اگر پھر کبھی ایسا کلمہ کفر والحاد میری زبان سے نکلے تو میرا گلا کاٹ ڈالنا جب پھر انکی وہ حالت ہوئی وہی الفاظ بے اختیار انکی زبان سے نکلے تو بعض مریدون نے انکے گلے پر چھری چلادی مگر چلانیوالونکے گلونمین زخم لگ گئے بایزید کے گلے پر مطلق اثر نہین ہوا۔ یہ سخت نادم ہوگئے (یہ واقعہ مدعیان وحدت الوجود اور قائلان ہمہ اوست کی امتحان حقیقی حال اور محض بناوٹی قال کا بہت ہی عمدہ معیار ہے) اور جب بایزید اس مقام سے عروج کرکے سیر ولایت کبری انبیا مین پہونچے (جو سلوک صدیقیہ کا مقام ہے) بایزید پر اتباع سنت سنیہ اسقدر غالب آگیا کہ بقیہ عمر احتیاط کے باعث خربزہ نہ کھاسکے۔ بخلاف ترقی مدارج عالیہ آنحضرت صلعم کہ روزانہ ستر مرتبہ مراتب تقرب مین ترقی ہوتی تھی اور سابقہ حال پر نظر فرما کر آپ استغفار فرماتے تھے۔

مولانا کی شمس تبریز کے ہاتھ پر بیعت

اسکے بعد مولانا نے حضرت شمس تبریز سے بیعت کی اور بقول سپہ سالار ۶ ماہ اور بموجب روایت مناقب العارفین ۳ ماہ تک شیخ صلاح الدین زرکوب کے حجرہ مین جو مولانا برہان الدین محقق مذکور کے مرید تھے مولانا اور شمس تبریز باہم معتکف رہے اس مدت مین آب و غذا قطعاً متروک تھی اور سوا زرکوب کے حجرہ کے اندر جانیکی کسیکو مجال نہ تھی اسکے بعد آپکی یہ حالت ہوگئی کہ بغیر سماع ایک گھڑی چین نہ آتا تھا درس و تدریس وعظ و پند کے اشغال بالکل چھوٹ گئے آپ بھی یا شمس تبریز کی صحبت سے دم بھر کیلئے جدا نہوتے تھے اسکی تمام شہر مین شہرت ہوگئی اور

ایک شورش مچ گئی سب معتقدین کو رنج و صدمہ ہوا کہ ایک بے سر و پا پردیسی دیوانہ نے آکر حضرت مولانا پر کیا سحر کر دیا کہ وہ کسی کام کے نہ رہے حتیٰ کہ مریدان خاص بھی انکو راہ دنیا کو نہ پاسکے سب شمس تبریز کے دشمن ہو گئے یہ شورش فتنہ انگیزی کی حد تک پہونچ گئی۔

شمس تبریز کا چلا جانا اور بلوایا جانا

شمس تبریز قونیہ سے بلا اطلاع کئے دمشق کو چلے گئے۔ انکی جدائی سے مولانا پر جو صدمہ گذرا بیان سے باہر ہے مولانا تھے یا عالم تنہائی کسی سے کچھ تعلق نہ تھا بہت سی غزلیات فراقیہ لکھیں حتی کہ شمس تبریز نے دمشق سے اپنے پہونچنے کا مولانا کو خط لکھا اوس سے اور بھی مولانا کی نار فراق مشتعل ہوئی شمس تبریز کے آزردہ کرنیوالوں نے معافی چاہی جسکو انکے صاحبزادہ سلطان ولد نے اپنی مثنوی مین اسطرح نظم کیا ہے۔

مثنوی

ہمگنان بہ تو بگفتہ واسے		عفو کن از این گناہ خدا سے	
قد براو ز غم نہ ماست تیم	کہ بدو پیشوا نہ ایستیم	لطف بر دو روا ایم خود مگیر	یارب اندر دل آن پیر
گر کنند عذرہا سے ما او	عفو کن زین شدید تو	پیش شیخ آمدند لابہ کنان	کہ ببخشا کین دگر ان
تو بہا نی کن رحمت کن	گر دگر این کنیم لعنت کن	شیخ شان چونکہ دید ازیشان آن	راہ شان داد رفت از وان کین

یہ سب نے مجبور ہو کر شمس تبریز کی تلاش مین دمشق کا عزم بالجزم کیا۔ سلطان ولد قافلہ سالار ہوئے اور مولانا نے ایک نامہ منظوم فی البدیہ انکو لاکر حوالہ کیا جو حسب ذیل ہے ~ بخدائیکہ در ازل بودست ۔ حی و دانا و قادر و قیوم ۔ نور او شمع ہای عشق افروخت ۔ تا بشد صد ہزار سر معلوم

از یکے حکمش او جہان پر شد	عاشق و عشق و حاکم و محکوم	در طلسمات شمس تبریزی	گشت گنج عجائبش مکتوم
کہ از ان دم کہ تو سفر کر دی	از حلاوت جدا شدیم چو موم	ہمہ شب ہمچو موم می سوزیم	ز آتشے جفت و ز انگبین محروم
در فراق جمال تو ما را	جسم ویران و جان ازو چون بوم	آن عنان را بدین طرف برتاب	زفت کن پیل عیش را خرطوم
بے حضورت سماع نیست حلال	ہمچو شیطان طرف شدہ مرجوم	یک غزل بے تو ہیچ گفتہ نشد	تا رسد آن بہ مشترقہ مفہوم
پس بذوق سماع نامہ تو	غزلے پنج و شش شد منظوم	شام ما از نور صبح روشن باد	اے بتو فخر شام و ارمن و روم

اس خط کے علاوہ دو اور شعری ایک غزل بھی لکھی جسکا مطلع یہ ہے ~ بروید اے حریفان بکشید یار ما را ۔ بمن آورید حالا صنم گریز پا را ۔ اگر او بوعدہ گوید کہ دم دگر بیایم ۔ ہمہ مکر او بود آن بفریبد او شما را ۞ بہر حال سلطان ولد دمشق جا کر شمس تبریز کو قونیہ لائے اب مرتبہ مولانا اور شمس تبریز کی یکجائی شعبان ٦٤٣ھ تک رہی۔

شمس تبریز کا پھر چلا جانا یا قتل ہونا

اسکے بعد مولانا کے فرزند ناخلف علاء الدین نے کوئی حرکت ایسی خلاف طبع شمس تبریز کی کہ وہ پھر چلے گئے اسکے بعد شمس تبریز کے متعلق واقعہ نگارون کی تحریرات مین بہت بڑا اختلاف ہے بعض لکھتے ہین کہ علاء الدین نے انکو قتل کر ڈالا اور بعض لکھتے ہین کہ وہ کہین کو چلے گئے تھے مولانا انکی تلاش مین خود نکلے شہر بشہر ایک مدت تک تلاش کرتے پھرے لیکن کہین اونکا سراغ نہ ملا

مثنوی بیار ما نا بکشا ز شتران	شہ تبریز نیست و کوے دلستان	فردوس ست این بالیزہا	مشغلہ عرش ست این تبریزہا

بہر حال ٦٤٥ھ مین شمس تبریز کی وفات ثابت ہے۔

قونیہ پر ہلاکو خان کا حملہ اور ناکامی

اسی زمانہ مین ہلاکو خان نے قونیہ پر حملہ کیا اور شہر کے چارون طرف اوسکی فوجون نے محاصرہ کر لیا مولانا کی

ایک بیابان میں چنگیز خان کے خیمہ کے سامنے تہا مصلی بچھا کر نماز شروع کر دی سپاہیون نے تاک تاک کر تیر لگائے لیکن کمانین کچھ نہ کر سکین آخر گھوڑے بڑھائے ہر چند کوشش کیے لیکن گھوڑے بھی اپنی جگہ سے آگے نہ بڑھ سکے۔ چنگیز خان بدوین کو یہ واقعہ معلوم ہوا تو اوس نے تیر چلانا چاہا مگر ایک تیر نہ چلا مجبور ہو کر گھوڑے کو بڑھانا چاہا تو وہ بھی نہ چلا پیدل چلنا چاہا تو قدم نہ اوٹھ سکا آخر کار وہ عاجز ہو کر بہاگ گیا۔

مولانا اور شیخ صلاح الدین زرکوب ایک مدت تک مولانا شمس تبریز کی جدائی سے صدمہ زدہ رہے اسی حالت میں ایک روز باہر نکلے راہ مین شیخ صلاح الدین زرکوب اپنی دوکان پر زرکوٹ رہے تھے مولانا کی کیفیت سماع ظاہر ہو کر ہتوڑہ کی آواز سے وجد طاری ہو گیا شیخ نے اپنا ہاتھ زرکوبی سے نہ روکا یہانتک کہ بہت سی چاندی ضائع ہو گئی آخر شیخ باہر نکل آئے مولانا نے انکو اپنی آغوش میں دبا لیا اور عصر تک جوش مستی میں یہ گاتے رہے ۔ یکے گنجے پدید آمد درین دکان زرکوبی ۔ زہے صورت زہے معنی زہے خوبی زہے خوبی ۔ شیخ صلاح الدین نے اوسیوقت کہڑے ہو کر ساری دکان لٹادی اور دامن جہاڑ کر مولانا کیساتھ ہو گئے چونکہ وہ مولانا کے ارشاد سے بہائی تھے اونکی صحبت سے مولانا کو بہت تسلی ہوئی دس سال کامل صحبت باہمی گرم رہی انکی نسبت سلطان ولد اپنی مثنوی مین لکھتے ہیں ۔ قطب ہفت آسمان و ہفت زمین ۔ بُد فلک نشان بود صلاح الدین

نور خور از رخش خجل گشتے ÷	ہر کہ دیدیش ز اہل دل گشتے	چون ز راہ دید شیخ صاحب حال	برگزیدش ز جملۂ ابدال
رو بدو کرد و جملہ را بگذاشت	غیر او را خطا و سہو انگاشت	شورش شیخ گشت زو ساکن	و آن ہمہ رنج و گفتگو ساکن
شیخ با او چنانکہ آن شاہ	شمس تبریز خاصۂ اللہ	خوش در آمیخت ہمچو شیر و شکر	کار ہر روز ہمہ گرشد زر

مولانا اور شیخ میں بہت اتحاد بڑہ گیا شیخ کی شان میں مولانا نے غزلیں لکھیں ہیں ۔ مطربا اسرار ما را باز گو ۔ قصہ ہاے جانفزا را باز گو ÷

ما دہان بر بستہ ایم از ذکر او	تو حدیث دلکشا را باز گو	چو صلاح الدین صلاح جان ماست	آن صلاح جان ما را باز گو

مولانا کے پرانے رفقا نے یہ دیکھ کر ایک ناخواندہ زرکوب مولانا کا ہمدم و ہمراز بنگیا بلکہ بجاے پیر و مرشد ہو گیا سخت شورش کی سلطان ولد اپنی مثنوی میں اسکا اسطرح ذکر کرتے ہیں ۔ باز در منکران غریو افتاد ۔ باز در ہم شدند اہل فساد ۔ گفتہ با ہم کزین نکو رستیم ÷ چون بگہ میکنیم و در شستیم

اینکہ آمد ز اولین بتر است	اولین نور بود و این بتر است	ہمہ این مرد را ہمی دانیم	ہمہ ہم شہر تیم و ہم خوانیم
نہ ورا خط نہ علم نہ گفتار	بر ما خوب بود این مقدار	کای عجب از چہ روے مولانا	می نیاید سوے چو او دانا
روز و شب میکند سجود او را	بر فرودن دین فرود او را	یک مریدے برسم طنازی	شد از ایشان و کرد غمازی
او بہان لحظہ نزد مولانا	آمد و گفت آن حکایت را	کہ ہمہ جمع قصد آن دارند	کہ فلان را زنند و آزارند

لیکن جب اون لوگونکو ثابت ہو گیا کہ مولانا کسیطرح سے شیخ زرکوب کی صحبت نہیں چہوڑ سکتے تو وہ اپنے خیالات سے باز آگئے بعدہ مولانا نے اپنے اور شیخ کے باہمی تعلقات کو مضبوط کرنیکی غرض سے شیخ کی دختر سے اپنے بڑے صاحبزادہ سلطان بہاء الدین ولد کی شادی کر دی۔ عرصہ دراز تک صحبت باہمی گرم رہی حتی کہ ۶۶۲ھ میں شیخ نے وصال فرمایا اور مولانا کے والد ماجد کے مزار شریف کے متصل دفون ہوئے مولانا شیخ کی مفارقت میں بہت ہی مغموم اور مصدوم ہوئے ۔ فراقیہ غزلیں اور اشعار تصنیف فرمائے ہیں ۔

اے زہجران و فراقت آسمان بگریستہ ÷ دل میان خون نشستہ عقل و جان بگریستہ

مولانا اور حسام الدین چلپی اسکے بعد مولانا نے حسام الدین چلپی کو جو آپکے ایک مخلص مرید تھے اپنا ہمدم و ہمراز کر لیا اگرچہ وہ مولانا کے مرید تھے اور مولانا انکی بہت تعظیم کرتے تھے مگر وہ بھی اپنے خادمانہ آداب اور قاعدہ سے تجاوز نکرتے تھے چنانچہ جس جگہ مولانا وضو کرتے تھے وہ اس جگہ کبھی اوپر وضو نہیں کرتے تھے خواہ دوسری جگہ وضو کرنے میں بارش اور برف کیوجہ سے کتنی ہی تکلیف برداشت کرنی پڑتی یہی حسام الدین چلپی جو مثنوی شریف کی تصنیف کا باعث ہوئے جسکی آئندہ تفصیل آئیگی۔ بعد وصال مولانا حسب وصیت مولانا کے یہی جانشین ہوئے ۶۸۳ھ میں انکا وصال ہوا۔ مزار شریف قونیہ میں ہے۔

مولانا کے اخلاق و عادات جب مولانا علوم ظاہری و باطنی کی تحصیل سے فارغ ہو کر مسند نشین پدر بزرگوار ہوئے تو آپ کا وجود باوجود ملک روم و شام میں بہت اعزاز کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا آپکا حلقہ تدریس و تعلیم بہت وسیع تھا آپکا وعظ بہت ہی پر اثر ہوتا تھا آپکے فتاوی دور دور تک مستند سمجھے جاتے تھے جب آپکی سواری نکلتی تھی علما و فضلا اور امرا کبرا کے بڑے بڑے گروہ آپکے ہمراہ رکاب رہتے تھے۔ مباحثہ اور مناظرہ میں بھی آپ کامل تھے۔ تمام ملک میں آپکی قبولیت عامہ کا شہرہ تھا امرا اور سلاطین وقت بھی آپکے معتقد تھے علم ظاہر کے سوا علم باطنی جو سید برہان الدین محقق ترمذی (خلیفہ مولانا بہاء الدین محمد سلطان العلماء) سے آپکو پہونچا تھا۔ طالبان راہ خدا کو تعلیم فرماتے تھے صدہا کشف و کرامتیں آپسے ظاہر ہوتی رہتی تھیں بلحاظ علم ظاہر آداب شرع شریف کی پابندی مد نظر تھی اور ہوش و حواس بجا اور درست تھے۔

سماع اور مولانا کا استغراق لیکن جب سے شمس الدین تبریزی سے آپکی ملاقات ہو کر خلط اور ربط بڑھا ہوش و حواس میں تفرقہ آگیا اکثر اوقات بیخودی اور بیخبری محویت اور استغراق کا غلبہ رہنے لگا کئی کئی دن سماع کے کیف میں بلا خور و نوش گذر جاتے تھے۔

مولانا کا ذکر و مراقبہ و نماز مولانا ہوش کی حالت میں ذکر و شغل عبادت و ریاضت میں مشغول رہتے تھے کہ مَنْ کَمُلَ عِرْفَانُهٗ کَمُلَ عِبَادَتُهٗ یعنے جس شخص کا عرفان پورا ہوتا ہے وہ عبادت میں بھی کامل ہوتا ہے ؎ بندگی آمد لباس زندگی ٭ زندگی بے بندگی شرمندگی عین نماز میں جب کبھی سکر غالب ہو جاتا تھا دو ہی رکعت میں عشا سے صبح ہو جاتی تھی آپکی غزل کا شعر ہے ؎

بخدا خبر ندارم چو نماز می گذارم ٭ کہ تمام شد رکوعے کہ امام شد فلانے

موسم سرما میں رات کو بوقت ایک مرتبہ آپکو نماز پڑھتے میں رقت ہوئی برف سے آنسو چہرہ مبارک پر جم کر یخ ہو گئے صبح کو لوگوں نے بمشکل شناخت کیا

مولانا کی شب خوابی سپہ سالار لکھتے ہیں کہ میں نے کبھی آپکو شب خوابی کے لباس میں نہیں دیکھا بلکہ آپ رات بھر ذکر و مراقبہ میں مشغول بیٹھے رہتے تھے جب نیند کا غلبہ ہوتا تھا تو بے اختیار ہو کر کسی طرف کو گر جاتے تھے اور آنکھ لگ جاتی تھی چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ؎

ہر خفتند و من بدل شدہ را خواب نبرد ٭ ہمہ شب دیدہ من بر فلک استارہ شمرد ٭ خوابم از دیدہ چنان رفت کہ ہرگز نا ید ٭ خواب من زہر فراق تو بنوشید و بمرد

غزل۔ دیدہ خون گشت و خون نمی خسپد ٭ دل من از جنون نمی خسپد ٭ مرغ و ماہی زمن شدہ حیران ٭ کاین شب و روز چون نمی خسپد
پیش ازین در عجب ہمی بودم ٭ کاسمان نگون نمی خسپد ٭ آسمان خود کنون زمن خیرہ است ٭ کہ چرا این زبون نمی خسپد
عشق بر من فسون اعظم خواند ٭ دل شنید آن فسون نمی خسپد

مولانا کا زہد و قناعت آپکے زہد و قناعت کی یہ حالت تھی کہ امرا کے پاس سے ہزارہا روپیہ کے قیمتی نذر و تحائف آپکے پاس آتے تھے آپ سب

شیخ صلاح الدین زرکوب کے پاس بیٹھے رہتے تھے اور انکے وصال کے بعد حسام الدین چلپی کے پاس وہ جو کچھ آتا بجنسہ خود اسکو صرف کرتے تو آگاہ ہو گئے
جب مکان میں کچھ خرچ کو نہ ہوتا تھا تو آپکے صاحبزادہ سلطان ولد کوئی کوئی چیز آپکی اجازت سے مکان میں بھیجدیتے تھے جس دن مولانا کے یہاں کچھ کھانے کو نہ ہوتا
تو آپ فرماتے تھے کہ الحمد للہ آج ہمارے گھر میں فقر کی بو آتی ہے اکثر اوقات آپ اپنے سینہ میں طلیسا اور کہتے تھے کہ خلوے معدہ اور جگر کی گرمی سے صفرا کا غلیان ہو

مولانا کی سخاوت آپکی سخاوت کی یہ کیفیت تھی کہ جو کچھ آپکے پاس ہوتا تھا سائلوں کو دیدیتے تھے اگر کچھ دینے کیلئے نہ ہوتا تو بدن سے عبا اور کرتہ
نکالکر سائلوں کے حوالہ کر دیتے تھے۔

مولانا کا حلم و تواضع آپکے حلم و تواضع کی یہ کیفیت تھی کہ ادنیٰ اعلیٰ کو آپ ہی پہلے سلام کیا کرتے تھے۔ ایک روز آپ بازار میں تشریف لیجاتے تھے
کچھ لڑکوں نے آپکی دست بوسی کی۔ ایک لڑکے کا ہاتھ خالی نہ تھا اوسنے دست بوسی کیلئے آپکو ٹھیرالیا آپ ٹھیر گئے جب اوسنے اپنا ہاتھ خالی کر کے آپکی
دست بوسی کر لی تو آپ آگے بڑھے۔ ایک مرتبہ جلسہ سماع میں ایک شخص کو وجد ہوا وہ بحالت بیخودی بار بار آپکے اوپر آ گرتا تھا لوگ بزور
اوسکو ہٹا دیتے تھے آپکو یہ بات ناپسند آئی ارشاد فرمایا کہ شراب اوس نے پی ہے آپ بدمستی کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ حمام میں غسل کرنیکی غرض سے آپ
تشریف لیگئے بازار میں حمام میں دوسرے لوگوں کو وہاں سے ہٹا دینا چاہا آپنے انکو منع کیا اور خود باہر نکل آئے شہر دمشق میں جہاں آپ علم ظاہری تحصیل
فرماتے تھے بعض نا قدردانوں نے آپکے روبرو بے ادبی سے تذکرہ آپکے والد ماجد کی شان میں کہا کہ مولانا بہاء الدین میں کیا ایسا کمال تھا جو آپکو سلطان العلماء مشہور
کر دیا تھا آپ نے کسی امر میں زبان نہ کھولی جب آپ وہاں سے تشریف لے گئے تو وہ شخص نادم ہوا کہ افسوس ہمنے مولانا کے والد کی توہین انکے روبرو کی
اور انکی طرف کچھ [illegible] ایک لفظ بھی نہ بولا۔ یہ سب صاحب آپکے پاس معافی کی غرض سے آئے آپنے فرمایا میں آپکی بات سے کچھ ملول نہیں ہوا ہوں
معافی کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ ایک مرتبہ آپکی زوجہ صاحبہ نے کسی قصور کے باعث اپنی کنیز کو تنبیہ کی آپ بھی مکان ہی میں تھے
بہت ناراض ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ سب آدمی برابر ہیں اگر آج تم انکی کنیز ہوتیں اور وہ تمکو سرزنش کرتی تو تمہاری کیا حالت ہوتی۔ آپکی
زوجہ صاحبہ انکی نصیحت سے بہت متاثر ہوئیں بعد اوس کنیز کو اوس دن آزاد کر دیا۔ ایک مرتبہ دو آدمی سر راہ آپس میں لڑ رہے تھے اور ایک دوسرے کے ساتھ
گالم گلوچ کر رہا تھا آپنے یہ واقعہ ملاحظہ فرمایا اور دونوں سے کہا کہ بھائیو دونوں مجھکو جو چاہو کہلو مگر آپس میں مت لڑو وہ آپکا حلم اور تواضع
دیکھکر شرمندہ ہوگئے اور اپنے اپنے گھر کو چلے گئے۔

مولانا کا وعظ مولانا کے زمانہ میں دستور تھا کہ مجلس وعظ میں قاری آیات قرآنی پڑھا کرتا تھا اور پھر واعظ صاحب ان آیات کے مطالب بیان کیا کرتے تھے اسی طرح
آپ ایک روز مسجد قلعہ قونیہ میں وعظ فرما رہے تھے امرا و وزرا [illegible] علما فضلا اور فقرا و مشائخ بھی اس جلسہ میں شریک تھے معارف کا
ایک بحر ذخار رواں تھا [illegible] مضامین [illegible] آپکی زبان حقیقت ترجمان سے جو
حاضرین محظوظ و متکیف ہو رہے تھے [illegible] ایک واعظ صاحب کو آپکے بیان پر حسد ہوا اور کہنے لگے
کہ مقررہ آیات کا وعظ بیان کرنا کوئی کمال نہیں ہے۔ مولانا نے یہ سنکر فرمایا کہ اچھا کوئی آیت پڑھی جاوے اوسکے متعلق وعظ بیان کیا جاوے
انہوں نے [illegible] سورہ [illegible] کی درخواست کی مولانا نے [illegible] سورہ [illegible] کیطرف متوجہ ہو کر [illegible] مطالب
کی توضیح و تشریح میں [illegible] سامعین [illegible] بیخود [illegible] تمام [illegible] مولانا کو

قدموں پر آگرے آپکے وعظ کی بڑی شہرت ہوگئی چونکہ مولانا شہرت و نام سے بہت بچتے تھے آپنے وعظ ہی کہنا موقوف کردیا اور یہ بیت پڑھا

خویش را رنجور سازی زار زار	تا ترا بیرون کنند از اشتهار
اشتہار خلق بند محکم ست	در رہ این از بند آہن کے کم ست

مولانا کا علم مجلس اور ادب ایک مرتبہ آپ شیخ صدرالدین قونوی کے پاس تشریف لیگئے انہوں نے نہایت توقیر کی ساتھ آپکو تعظیم دیکر اپنے مصلے پر بٹھایا دونوں صاحب آپسمیں مراقب تھے حاضر الوقت حاجی کاشی نے مولانا سے تین مرتبہ دریافت کیا کہ معرفت کیا چیز ہی آپنے بلحاظ ادب شیخ تینوں مرتبہ کچھ جواب نہ دیا۔ شیخ صاحب نے حاجی سے کہا کہ مولانا کا سکوت عین معرفت ہی کہ اَلْفَقِیْرُ اِذَا عَرَفَ اللّٰهَ کَلَّ لِسَانُهٗ ع کانرا کہ خبر شد خبرش باز نیامد۔

مولانا کا انکسار ایک مرتبہ مدرسہ اتابکیہ میں علامہ شمس الدین ماردینی طلبا کو درس دیرہے تھے قاضی سراج الدین اور شیخ صدرالدین انکے یمین و یسار بیٹھے تھے تمام علما اور امرا معززین اپنے اپنے موقع اور قرینہ سے جاگزین تھے اتفاقًا آپ بھی وہاں تشریف لائے اور خدام مجلس کی جگہ ایک کنارہ کو بیٹھ گئے

القصہ اکبر ؎
فروتنی ست دلیل رسیدگان کمال
کہ چون سوار بمنزل رسید پیادہ شود

یہ دیکھکر معین الدین پروانہ شاہی اور مجدالدین اتابک اور دیگر امرا اپنی اپنی جگہ سے اوٹھکر مولانا کے آس پاس آبیٹھے۔ اور قاضی سراج الدین بھی اپنی جگہ سے اوٹھکر آگئے سب نے آپکی دست بوسی کی اور بہت لجاجت کرکے مسند کے قریب لیجاکر آپکو بٹھایا علامہ نے بھی بہت معذرت کی اور کہا ہم سب آپکے خدام اور غلامان غلام ہیں۔

ایک مرتبہ آپنے بحالت جوش وحدت الوجود ارشاد فرمایا کہ مجھکو بہتر فرقوں میں کسی سے بھی غیریت نہیں ہی علما وقت کو یہ بات سنکر بہت غصہ آیا اور بعض بعض صاحب تصدیق کی غرض سے بھی آپکے پاس آئے تو آپنے فرمایا سے صحیح اور درست ہی (حافظ شیرازی) ؎

جنگ ہفتاد و دو ملت ہمہ را عذر بنہ
چون ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

یہ سنکر انہوں نے مولانا کو بُرا بھلا کہا مولانا نے ہنسکر ارشاد فرمایا یہ بھی درست ہی۔ وہ سب شرمندہ اور نادم ہوکر واپس چلے گئے۔

ایک مرتبہ کسی شخص نے اوحدالدین کرمانی کا ذکر کیا کہ گو وہ شاہد پرست تھے مگر پاکباز تھے آپنے فرمایا کہ" کاشکے کردی و گذشتے"!!

مولانا کی وجہ معاش آپکی معاش کی یہ کیفیت تھی کہ مدارس سے پندرہ دینار ماہوار مقرر تھی آپ اوسکی معاوضہ میں خدمت فتوی نویسی انجام دیتے تھے مریدوں کو تاکید تھی کہ جسوقت کوئی ضرورتمند آئے فورًا مجھکو اطلاع کردیا کرو خواہ میں کسی حالت میں ہوں۔ مریدین ہروقت دوات قلم لئے رہتے تھے جب کوئی شخص استفتا لاتا تہا آپ فورًا جواب لکھکر اوس کے حوالہ کردیتے تھے۔

ایک مرتبہ آپکو وجد کی کیفیت طاری تھی فتوی پیش کیا گیا۔ آپنے جواب لکھدیا علامہ شمس الدین ماردینی نے اوسپر اعتراض کیا آپنے کتاب کا حوالہ دیا کتاب دیکھی گئی تو مطابقت نکلی اور جواب صحیح ثابت ہوا۔ علامہ کو ندامت ہوئی۔ ہرچند کہ آپکو دولت جاہ آپکو دنیا کی نفع کی طرف متوجہ کرتا تھے اور دوسرے بزرگان دین کو فتوحات اور حالات بیان کرتے تھے مگر آپکو مطلق خبر نہ ہوتی تھی۔ ایک مرتبہ شیخ صدرالدین قونوی کا ذکر آیا کہ اونکو ہزار روپیہ کا سرکار سے وظیفہ ملتا ہے اور آپ صرف پندرہ دینار پاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ یہی اگر اونکو ملتے تو اچھا تھا۔

مولانا کا امرا سے اجتناب اگرچہ بڑے بڑے امرا اور شاہان وقت سے آپکے مراسم اور تعلقات تھے مگر اندرونی طور پر آپ اونکی ملاقات سے کنارہ کش تھے جب کوئی

اٹھ کر جانا تھا مجبوراً آپ مل لیتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ کسی امیر نے نہ حاضر ہوسکنے کی بابت بباعث ضعیفی کا عذر آپکی خدمت میں عرض کرایا تو آپ نے فرمایا معذرت کی ضرورت نہیں ہے میں لوگوں کے نہ ملنے سے زیادہ ممنون ہوتا ہوں بمقابلہ ملنے کے۔ ایک دفعہ معین الدین پروانہ معہ چند امرا آپکی ملاقات کیلئے حاضر ہوا آپ باہر تشریف نہ لائے معین الدین کو خطرہ گذرا کہ سلاطین اور امرا اولوالامر ہیں اور از روے قرآن شریف انکی اطاعت ضروری ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد آپ باہر تشریف لائے سلسلۂ کلام میں آپ نے اس خیال کے متعلق ایک قصہ سنایا گویا ضمناً جواب دیدیا۔ ایک دفعہ سلطان محمود غزنوی غوث وقت شیخ ابوالحسن خرقانی کی ملاقات کیلئے گیا شیخ کو اطلاع ہوئی مگر شیخ کھڑے نہ ہوے حسن میمندی وزیر نے کہا کہ قرآن شریف میں اَطِيعُوا اللّٰهَ وَاَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ آیا ہے شیخ نے فرمایا کہ فقیر در اطیعوا اللہ چنان مستغرق است کہ در اطیعوا الرسول خجالت می کشد تا به اولی الامر چه رسد۔ مولانا کی یہ تقریر سنکر معین الدین اور جملہ حاضرین پر بہت اثر ہوا اور رقت ہوگئی

مولانا کی بیخودی

اکثر مولانا پر بیخودی طاری رہتی تھی گاہ بگاہ اسی حالت میں آپ یکایک کھڑے ہو کر رقص کرنے لگتے تھے کبھی آپ جنگل کو نکل جاتے تھے اور کئی کئی ہفتہ لاپتہ رہتے تھے لوگ ہر طرف تلاش کرتے تھے تو آپکا کسی ویرانہ میں سراغ لگتا تھا بعض وقت سماع میں آپ پر بیخودی طاری ہوتی تھی جو کچھ آپکے بدن پر لباس ہوتا تھا قوالوں کو دیدیا کرتے تھے۔ خواجہ مجد الدین آپکے مرید جان نثار ابریشم کے کپڑوں کے کئی کئی صندوق اپنے ساتھ رکھتے تھے جہاں مولانا نے اپنے بدن کا لباس قوالوں کو حوالہ کیا انہوں نے دوسرے کپڑے پہنا دیئے۔

مولانا کا رباب باجہ کو سننا

معین الدین پروانہ نے کسی عالم کو خدمت قضاءت پر مامور کرنا چاہا مولوی صاحب نے ملازمت قبول کرنیکے متعلق تین شرطیں پیش کیں ایک یہ کہ رباب باجہ کا رواج بالکل مسدود کر دیا جاے۔ دوسرے یہ کہ تنخواہ [illegible] عدالت سے نکالی جاے [illegible] جاتیں تیسرے یہ کہ چپراسیوں کو حکم دیا جاے کہ وہ کسی اہل مقدمہ سے کچھ نہ لیا کریں۔ چونکہ مولانا بھی رباب سنتے تھے معین الدین نے شرط اول کو منظور نہ کیا عالم صاحب نے خدمت قضاءت قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ مولانا نے سنکر فرمایا کہ وہ رباب کی برکت سے قضاءت کی بلا سے محفوظ رہے۔

ایک دفعہ آپ سے سلطان ولد نے شکایت کی سبب کے مریدوں میں اتفاق نہیں ہے ہمارے مرید آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں آپ نے فرمایا کہ اور لوگوں کے مرید مرغیاں ہیں اور ہمارے مرید مرغ ہیں ہزار مرغیاں ایک جگہ بسر کرسکتی ہیں اور دو مرغ بغیر لڑے نہیں رہ سکتے۔

مولانا کی علالت

[illegible] میں قونیہ میں بڑے زور کا زلزلہ آیا اور کامل چالیس روز تک رہا۔ مخلوق پریشان و سرگرداں پھرتی تھی لوگ مولانا کے پاس آئے اور عرض کیا کہ یہ کیا بلاے آسمانی ہے آپ نے فرمایا کہ زمین بھوکی ہے امید ہے کہ عنقریب اسکو لقمہ ملیگا اوسی زمانہ میں آپ نے یہ غزل لکھی تھی ؎

با این ہمہ مہر و مہربانی   دل می دہدت کہ بیشم رانی
وین جملہ شیشہ خانہ ما را   درہم شکنی بلن ترانی
در زلزلہ ہست دار دنیا   کز خانہ تو رخت می کشانی
نالان ز تو صد ہزار رنجور   بے تو نہ زیند ہین تو دانی

اس کے چند ہی روز بعد آپکا مزاج ناساز ہوا اطباء وقت اکمل الدین اور غضنفر علاج میں مشغول رہے لیکن نبض کی حالت غیر معمولی تھی لمحہ میں کچھ لمحہ میں کچھ آخر طبیب تشخیص نہ کر سکے اور آپ سے عرض کیا کہ آپ خود ہی مزاج کی حالت بیان کیجئے

آپ مطلق متوجہ نہوئے بقول ؎ از سر بالین من برخیز اے ناداں طبیب ــ دردمند عشق را دارو بجز دیدار نیست

آپکی بیماری کی خبر عالم میں مشہور ہوگئی شیخ صدرالدین قونوی خلیفہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی جو روم و شام میں بڑے شیخ شمار کیے جاتے تھے سعد امیر پر سے آپکی عیادت کیلئے آئے اور آپکے مرض کی شدت دیکھکر بیقرار ہوگئے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپکو جلد شفا عنایت فرمائے آپ نے فرمایا شفا آپکو مبارک ہو یہاں عاشق و معشوق میں صرف ایک پیرہن کا پردہ باقی رہگیا ہے کیا آپکو اچھا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی اٹھ جاتا اور نور کا نور میں مل جانا آپ پسند نہیں فرماتے شیخ روتے ہوئے اٹھ گئے اور مولانا نے یہ شعر پڑھا ؎ چہ دانی تو کہ در باطن چہ شاہی ہمنشین دارم ــ رخ زرین من منگر کہ پائے آہنین دارم تمام شہر اور باہر کے علما و مشائخ امرا و روسا اور ہر طبقہ کے لوگ آپکی عیادت کو آتے تھے اور سب اشکبار رہتے تھے جب آپسے دریافت کیا گیا کہ بعد آپکے جانشین کون ہوگا آپنے فرمایا حسام الدین لوگوں نے دوبارہ سہ بارہ پوچھا تو بھی آپنے انہی کا نام لیا چوتھی مرتبہ لوگوں نے آپکے صاحبزادہ سلطان ولد کی نسبت دریافت کیا تو آپ نے فرمایا وہ پہلوان ہیں اونکے لیے وصیت کی حاجت نہیں ہے۔

مولانا کا وصال ــ اسکے بعد ۵ جمادی الثانی ۶۷۲ھ روز یکشنبہ بوقت غروب آفتاب بعمر ۶۸ سال آپنے وصال فرمایا صبح کو جنازہ اٹھایا گیا بادشاہ وقت اور ہر طبقہ کے لوگ علما و مشائخ امرا فقرا تجار بلکہ یہود و نصاریٰ بھی جنازہ کے ساتھ چیخیں مار مار کر روتے جاتے تھے اور کہتے تھے کہ مولانا ہمارے مسیح تھے تو ہمارے موسیٰ و عیسیٰ تھے کثرت اژدہام کے باعث شام کے وقت جنازہ قبرستان میں پہونچا بموجب وصیت مولانا شیخ صدرالدین کو نماز کیلئے آگے کیا گیا مگر وہ نماز نہ پڑھا سکے اور بیتاب ہوکر بیہوش ہوگئے قاضی سراج الدین نے نماز پڑھائی اور آپ مدفون ہوئے مزار اقدس پر ۴۰ روز تک لوگوں کا ہجوم رہا سلطان ولد نے اپنی مثنوی میں اسواقعہ کو نظم کیا ہے ؎

پنجم ماہ جمادی آخر	بود انتقال آن شہ فاخر	سال ہفتاد و دو بدہ بعدد	شش صد از عہد حضرت احمد
چشم زخمی چنان رسید آن دم	گشت نالان فلک ز بانگ ماتم	مرد و زن شہر از صغیر و کبیر	ہمہ اندر فغان و آہ و نفیر
دیدہ ہمہ زرد روی و ازرق	کردہ از درد او گریبان چاک	بہ جنازہ ہمہ شدہ حاضر	از ہمہ عشق زندہ پیر
کردہ او را سپردہ اندر گور	دیدہ او را بروز چہ بود	عیسوی گفت اوست عیسی ما	موسوی گفت اوست موسی ما
ہمہ کردہ زغم گریبان چاک	ہمہ اندوہ کردہ بر سر خاک	ہمچنان این کشیدہ تا چل روز	ہیچ ساکن نشدہ ز تف و سوز
	بعد چل روز سوی خانہ شدند	ہمہ مشغول این فسانہ شدند	

مولانا کے طریق کی بیعت کا طرز ــ آپکا سلسلہ باطنی جو بطور العموم چلا الیہ اور بعض مقامات پر مولویہ کے نام سے مشہور ہے ملک روم و شام و مصر و عراقین اور حجاز و عرب اور بعض بعض مقامات میں مروج ہے اس سلسلہ کے مرید کلاہ نمد بلند سر پر اور جبہ قمیص ایک سیاہ چست سا جامہ پہنتے ہیں اور مشائخ ٹوپی پر عمامہ بھی باندھتے ہیں مرید کرنیکا طریقہ یہ ہے کہ اول طالب سے ایک ہزار ایک روز تک خدمات ذیل کراتے ہیں اگر درمیان میں کوئی غلطی ہو جاتی ہے تو پھر نئے سرے سے شروع کراتے ہیں اگر کوئی شخص ان خدمات کو انجام دے سکے تو اوسکو نااہل سمجھکر شریک سلسلہ نہیں کرتے خدمات یہ ہیں ۴۰ دن تک چارپایوں کی خدمت ۴۰ دن جاروب کشی ۴۰ دن تک آب کشی ۴۰ دن فراشی ۴۰ دن ہیزم کشی ۴۰ دن باورچی گری ۴۰ دن بازار سے سودا لانا ۴۰ دن جلسہ فقرا کی خدمتگزاری ۴۰ دن دروغہ گری وغیرہ وغیرہ بعد تکمیل مدت مذکورہ اسکو غسل دیکر خانقاہ میں تشریف

سر لباس پہنایا جاتا ہی اور تمام محرمات سے توبہ کرا کر اسم جلالی تلقین کیا جاتا ہی اور اوسکی بود و باش کیلیے ایک حجرہ مخصوص کر دیا جاتا ہی پھر حسب طریقت
حلقۂ ذکر جلی اور مراقبہ کی تعلیم پاتا ہی۔ دف اور نے کیساتھ سماع بھی سنا جاتا ہی۔ اکثر مریدین حالت وجد کھڑے ہو کر رقص کرتے ہین۔

مولانا کی اولاد آپکے دو فرزند تھے بڑے خلف الرشید مولانا سلطان بہاء الدین ولد چھوٹے نا خلف علاء الدین جنپر شمس تبریز کے قتل کا الزام عائد ہی۔ منقول ہی کہ اسی سبب سے
مولانا نے اونکو گھر سے نکال دیا تھا تھوڑے ہی عرصہ بعد وہ کسی مرض میں گرفتار ہو کر مر گئے تھے آپ اونکے جنازہ اور دفن مین بھی شریک نہین ہوئے۔ بڑے صاحبزادہ
سلطان ولد علوم و معارف مین یگانۂ روزگار تھے۔ مولانا کے وصال کے بعد لوگون نے بسبب قابلیت و اعتقاد عام اونہین کو مولانا کا جانشین کرنا چاہا تھا لیکن
بموجب وصیت مولانا انہون نے مولانا حسام الدین چلپی کو جانشین کیا جب ۶۸۳ھ مین بقضاے الٰہی وصال ہو گیا تو بالاتفاق آپ سجادہ نشین ہوئے آپکے معاصر
اگرچہ بہت سے بڑے بڑے علما و فضلا موجود تھے مگر آپکی کیفیت تھی کہ جب کسی امر کے متعلق آپ تقریر کرتے تو تمام جلسہ ہمہ تن گوش بن جاتا تھا۔ آپکی تصانیف سے ایک مثنوی مشہور ہے
جو گویا مولانا کے حالات کی ایک تاریخ ہی آپ نے ۷۱۲ھ مین بعمر ۹۰ سال وصال فرمایا اور چار صاحبزادے چھوڑے۔ ایک جلال الدین فریدون عرف چلپی عارف سب سے بڑے
(مولانا کے زمانہ حیات ہی مین تولد ہو گئے تھے اور بعد سلطان ولد کے سجادہ نشین مقرر ہوئے تھے انہون نے ۷۱۹ھ مین وصال فرمایا) دوسرے چلپی عابد تیسرے چلپی زاہد چوتھے چلپی واجد۔

مولانا کے معاصر ملوک طبقۂ ملوک مین سے آپکے معاصر ملک تھے ان مین ایران مین ہلاکو خان اور اباقا خان فرمانروا تھے اور ممالک مصر و شام مین بندوق دار ملک ظاہر
علاء الدین کیقباد سلجوقی اور اوسکا فرزند غیاث الدین کیخسرو اور رکن الدین قلیج ارسلان اور ممالک ہندوستان مین شمس الدین التمش اور اوسکے فرزند رکن الدین فیروز شاہ
التمش اور معز الدین بہرام شاہ التمش اور ناصر الدین محمود التمش۔

مولانا کے معاصر حکما طبقۂ حکما مین سے آپکے اخیر زمانہ امام فخر الدین رازی مصنف تفسیر کبیر (کل شیٔ فیہ الا التفسیر) کا ملا تھا جنکی بابت
مولانا مثنوی مین فرماتے ہین ع گر باستدلال کار دین بدے فخر رازی رازدار دین بدے پاے استدلالیان چوبین بود پاے چوبین سخت بی تمکین بود
نیز اخیر زمانہ محقق طوسی مصنف تجرید کا ملا جنہون نے رصد خانہ کو از سر نو ترتیب دیا اور علامہ قطب الدین شیرازی محقق مصنف شرح حکمۃ الاشراق و درۃ التاج
غرۃ الدیباج (جو علم معقول مین محقق طوسی کے شاگرد اور منقول مین صدر الدین قونوی اور ابن جوزی کے تلمیذ رشید تھے) وہ آپکی خدمت مین حاضر ہو کر
نصائح سے استفادہ کیا کرتے تھے جیسا کہ مناقب العارفین مین اونکا مقولہ مندرج ہی کہ مین ایک مرتبہ مولانا کی خدمت مین مستعد علما کو مناظرہ کی غرض سے
اپنے ہمراہ لیکر گیا آپکے چہرہ پر ہماری نگاہ پڑتی ہی ہم ایسے جاہل اور علم سے کورے ہو گئے گویا ہمنے کبھی کچھ پڑھا ہی نہ تھا تھوڑی دیر کے بعد آپنے خود ہی تقریر
شروع کی جسمین وہ سب مسائل آ گئے بالآخر ہم سب آپکے مرید ہو گئے۔ یہی مضمون جواہر مضیہ اور مدینۃ العلوم ازنیقی مین بھی منقول ہی اور یاقوت حموی مصنف
قاموس الجغرافیہ اور ضیاء ابن بیطار جس نے بہت سی جڑی بوٹیاں دریافت کر کے معالجات مین شریک کین اور ابن القفطی مصنف تاریخ الحکما۔ خونجی
امام المنطق علی توشجی صاحب شرح تجرید۔

مولانا کے معاصر علما طبقۂ علما مین سے ابن نجار المورخ۔ ابن اثیر المورخ۔ ابن الفارض۔ عبد اللطیف البغدادی۔ نجم الدین الرازی۔ سکاکی مصنف
مفتاح العلوم۔ سیف الدین الآمدی۔ شمس الائمہ الکردری۔ ابن الصلاح المحدث۔ ابن حاجب النحوی۔

مولانا کے معاصر اولیا طبقۂ اولیا مین سے آپنے اخیر زمانہ حضرت شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کا پایا جبکہ ۶۱۰ھ مین آپ اپنے والد ماجد کے ہمراہ خوارزم
سے سفر کر کے نیشاپور پہونچے تو اون کی ملاقات سے مشرف ہوئے اونہون نے اپنی کتاب اسرار نامہ آپکو دی اور آپکے والد ماجد سے ارشاد فرمایا کہ این فرزند گرامی